**Lang. Code : 20**

# TAJ 19-II

प्रश्न-पत्र II / PAPER II

उर्दू भाषा परिशिष्ट

Urdu Language Supplement

भाग IV & V / PART IV & V

परीक्षा पुस्तिका संकेत
Test Booklet Code

**W**

परीक्षा पुस्तिका संख्या
Test Booklet No.

इस पुस्तिका में **16** पृष्ठ हैं ।
This booklet contains **16** pages.

**इस परीक्षा पुस्तिका को तब तक न खोलें जब तक कहा न जाए ।**
**Do not open this Test Booklet until you are asked to do so.**
**इस परीक्षा पुस्तिका के पिछले आवरण (पृष्ठ 15 व 16)पर दिए निर्देशों को ध्यान से पढ़ें ।**
**Read carefully the Instructions on the Back Cover (Page 15 & 16) of this Test Booklet.**

**उर्दू में निर्देशों के लिए इस पुस्तिका का पृष्ठ 2 देखें । / For instructions in Urdu see Page 2 of this Booklet.**

## परीक्षार्थियों के लिए निर्देश

1. यह पुस्तिका मुख्य परीक्षा पुस्तिका की एक परिशिष्ट है, उन परीक्षार्थियों के लिए जो **या** तो भाग IV (भाषा I) **या** भाग V (भाषा II) **उर्दू** भाषा में देना चाहते हैं, लेकिन **दोनों नहीं** ।
2. परीक्षार्थी भाग I, II, III के उत्तर मुख्य परीक्षा पुस्तिका से दें और भाग IV व V के उत्तर उनके द्वारा चुनी भाषाओं से ।
3. अंग्रेज़ी व हिन्दी भाषा पर प्रश्न मुख्य परीक्षा पुस्तिका में भाग IV व भाग V के अन्तर्गत दिए गए हैं । भाषा परिशिष्टों को आप अलग से माँग सकते हैं ।
4. इस पृष्ठ पर विवरण अंकित करने एवं उत्तर पत्र पर निशान लगाने के लिए **केवल काले/नीले बॉल पॉइंट पेन** का प्रयोग करें ।
5. इस भाषा पुस्तिका का **संकेत** है **W** । यह सुनिश्चित कर लें कि इस भाषा परिशिष्ट पुस्तिका का संकेत, उत्तर पत्र के **पृष्ठ-2** एवं मुख्य परीक्षा पुस्तिका पर छपे संकेत से मिलता है । अगर यह भिन्न हो, तो परीक्षार्थी दूसरी भाषा परिशिष्ट परीक्षा पुस्तिका लेने के लिए निरीक्षक को तुरन्त अवगत कराएँ ।
6. इस परीक्षा पुस्तिका में **दो** भाग IV और V हैं, जिनमें **60** वस्तुनिष्ठ प्रश्न हैं, जो प्रत्येक 1 अंक का है :
   भाग-IV : भाषा-I (उर्दू) (प्र. 91 से प्र. 120)
   भाग-V : भाषा-II (उर्दू) (प्र. 121 से प्र. 150)
7. भाग-IV में भाषा-I के लिए 30 प्रश्न और भाग-V में भाषा-II के लिए 30 प्रश्न दिए गए हैं । इस परीक्षा पुस्तिका में केवल उर्दू भाषा से संबंधित प्रश्न दिए गए हैं । **यदि भाषा-I और/या भाषा-II में आपके द्वारा चुनी गई भाषा(एँ) उर्दू के अलावा है तो कृपया उस भाषा वाली परीक्षा पुस्तिका माँग लीजिए । जिन भाषाओं के प्रश्नों के उत्तर आप दे रहे हैं वह आवेदन पत्र में चुनी गई भाषाओं से अवश्य मेल खानी चाहिए ।**
8. **परीक्षार्थी भाग-V (भाषा-II) के लिए, भाषा सूची से ऐसी भाषा चुनें जो उनके द्वारा भाषा I (भाग-IV) में चुनी गई भाषा से भिन्न हो ।**
9. रफ कार्य परीक्षा पुस्तिका में इस प्रयोजन के लिए दी गई खाली जगह पर ही करें ।
10. सभी उत्तर केवल OMR उत्तर पत्र पर ही अंकित करें । अपने उत्तर ध्यानपूर्वक अंकित करें । उत्तर बदलने हेतु श्वेत रंजक का प्रयोग निषिद्ध है ।

## *INSTRUCTIONS FOR CANDIDATES*

1. This booklet is a supplement to the Main Test Booklet for those candidates who wish to answer **EITHER** Part IV (Language I) **OR** Part V (Language II) in **URDU** language, but **NOT BOTH**.
2. Candidates are required to answer Parts I, II, III from the Main Test Booklet and Parts IV and V from the languages chosen by them.
3. Questions on English and Hindi languages for Part IV and Part V have been given in the Main Test Booklet. Language Supplements can be asked for separately.
4. Use **Black/Blue Ball Point Pen only** for writing particulars on this page / marking responses in the Answer Sheet.
5. The CODE for this Language Booklet is **W**. Make sure that the CODE printed on **Side-2** of the Answer Sheet and on your Main Test Booklet is the same as that on this Language Supplement Test Booklet. In case of discrepancy, the candidate should immediately report the matter to the Invigilator for replacement of the Language Supplement Test Booklet.
6. This Test Booklet has **two** Parts, IV and V, consisting of **60** Objective Type Questions, each carrying 1 mark :
   Part-IV : Language-I (Urdu) (Q. 91 to Q. 120)
   Part-V : Language-II (Urdu) (Q. 121 to Q. 150)
7. Part-IV contains 30 questions for Language-I and Part-V contains 30 questions for Language-II. In this Test Booklet, only questions pertaining to Urdu language have been given. **In case the language/s you have opted for as Language-I and/or Language-II is a Language other than Urdu, please ask for a Test Booklet that contains questions on that language. The language being answered must tally with the languages opted for in your Application Form.**
8. **Candidates are required to attempt questions in Part -V (Language-II) in a language other than the one chosen as Language-I (in Part-IV) from the list of languages.**
9. Rough work should be done only in the space provided in the Test Booklet for the same.
10. The answers are to be recorded on the OMR Answer Sheet only. Mark your responses carefully. No whitener is allowed for changing answers.

परीक्षार्थी का नाम (बड़े अक्षरों में) : ____________________
Name of the Candidate (in Capitals) :

अनुक्रमांक : (अंकों में) ____________________
Roll Number : in figures

: (शब्दों में) ____________________
: in words

परीक्षा केन्द्र (बड़े अक्षरों में) : ____________________
Centre of Examination (in Capitals) :

परीक्षार्थी के हस्ताक्षर : ____________ निरीक्षक के हस्ताक्षर : ____________
Candidate's Signature : Invigilator's Signature :

Facsimile signature stamp of
Centre Superintendent ____________________

**W**

امتحان سوالنامہ کوڈ

**W**

# TAJ 19-II

## Lang. Code : 20

پرچہ - II

# ضمیمہ اُردو زبان

حصّہ V ، IV

اس کتابچہ میں **16** صفحات ہیں

اس سوال نامے کو اُس وقت تک نہ کھولیں جب تک کہا نہ جائے۔

سوال نامے کی پشت **15** ، **16** پر دی گئی ہدایات کو غور سے پڑھیں۔

**امیدواروں کے لیے ہدایات :**

1. یہ کتابچہ ان امیدواروں کے لیے بنیادی سوال نامے کا ضمیمہ ہے جو اُردو زبان کے حصّہ IV (زبان I) **یا** حصّہ V (زبان II) میں جواب دینا چاہتے ہیں۔**مگر دونوں میں نہیں**۔
2. امیدواروں کو بنیادی سوال نامے کے حصّہ I اور حصّہ II یا حصّہ III کے جواب بنیادی سوال نامے سے دیں اور حصّہ IV، V کے جواب زبانوں میں لکھنے ہوں گے جن کا انھوں نے انتخاب کیا ہے۔
3. حصّہ IV اور V میں ہندی اور انگریزی زبانوں کے سوالات بنیادی سوال نامے میں دیے گئے ہیں۔ زبان کے ضمیمے کو الگ سے مانگا جا سکتا ہے۔
4. اس صفحے پر جواب لکھنے/کوائف لکھنے کے لئے **صرف کالے/ نیلے بال پین** کا ہی استعمال کریں۔
5. اس سوال نامے کا کوڈ **W** ہے۔ جواب نامے کے دوسری جانب دیا گیا کوڈ اور آپ کے بنیادی سوال نامے کا کوڈ ایک ہی ہونا چاہیے، جیسا زبان کے صفحے **2** پر ہے۔ اگر اُس میں کہیں کوئی فرق ہے تو اُمّید وار کو فوراً نگراں کو اطلاع دے کر اس سے زبان کے سوال نامے کا دوسرا ضمیمہ طلب کرنا ہوگا۔
6. اس سوال نامے کے **دو حصّے** ہیں، IV اور V جو **60** معروضی سوالات پر مشتمل ہیں۔ ہر سوال کا **ایک (1)** نمبر ہے۔
   حصّہ IV زبان I اُردو (سوال نمبر 91 تا 120)
   حصّہ V زبان II اُردو (سوال نمبر 121 تا 150)
7. حصّہ IV زبان I کے 30 سوال اور حصّہ V زبان II کے 30 سوال ہیں۔ اس سوال نامے میں صرف اُردو کے سوالات ہیں۔ **اگر آپ نے اس زبان/زبانوں کو زبان I اور/ یا زبان II کی حیثیت سے انتخاب کیا ہے جو اُردو زبان نہیں ہے تو اسی زبان کا سوال نامہ طلب کیجیے۔ آپ کے جواب اسی زبان میں ہونے چاہئیں جسے آپ نے اپنی درخواست میں انتخاب کیا ہے۔**
8. **امیدواروں نے زبان I (حصّہ IV) کی حیثیت سے جس زبان کا انتخاب کیا ہے حصّہ V (زبان II) کے جواب انھیں اس کے علاوہ فہرستِ زبان میں سے دی گئی زبانوں میں سے کسی میں دینے ہوں گے۔**
9. امیدوار کو کچّا کام امتحان کے سوال نامے میں دی گئی خالی جگہ میں ہی کرنا ہوگا۔
10. جوابات کا اندراج صرف OMR جواب نامے پر ہی کرنا ہوگا۔ جوابی نشانات احتیاط سے لگائیں۔ سفیدے کے استعمال کی اجازت نہیں ہے۔

امیدوار کا نام : (جلی حروف میں) ____________________

رول نمبر : اعداد میں ____________________

: الفاظ میں ____________________

امتحان کا مرکز : (جلی حروف میں) ____________________

امیدوار کے دستخط : ____________________ نگراں کے دستخط ____________________

سینٹر سپرنٹنڈنٹ کے دستخط کی مہر ____________________

اُمّید وار سوالوں کے جواب حصّہ-IV (سوال نمبر 91 تا 120) صرف تب ہی دیں اگر انھوں نے زبان-I کا اوپشن اُردو چنا ہو۔

**Candidates should attempt questions from Part-IV (Q.No. 91-120), if they have opted URDU as Language-I only.**

# حصّہ - IV
## زبان - I
## اُردو

**اُمّید وار سوالوں کے جواب حصّہ-IV (سوال نمبر 91 تا 120) صرف تب ہی دیں اگر انھوں نے زبان-I کا اوپشن اُردو چنا ہو۔**

**ہدایات :** نیچے دی ہوئی عبارت کو پڑھیے اور دیے گئے متبادل میں سے کسی ایک مناسب ترین متبادل کا انتخاب کیجیے۔ **(سوال نمبر 91 تا 99)**

قدرت نے دنیا کی ہر چیز کو ضرورت کے اعتبار سے ایک دوسرے سے جوڑ دیا ہے۔ یہاں کی ہر چیز دوسری چیز کو کسی نہ کسی طرح متاثر کرتی ہے۔ اس آپسی تعلق کو سمجھنے اور سمجھانے کا نام ''ماحولیاتی سائنس'' ہے۔ زمانہ قدیم میں انسان اس تعلق سے نہ صرف بخوبی واقف تھا بلکہ اس کی زندگی ان قدرتی وسائل کے گرد گھومتی تھی۔ وہ پانی کے ذخیروں کے پاس بستیاں قائم کرتا تھا تاکہ قدرتی پانی اسے حاصل ہوتا رہے۔ جنگلات سے وہ لکڑی، چارہ اور غذا حاصل کرتا تھا۔ زمین وسیع تھی اور آبادیاں کم تھیں۔ رفتہ رفتہ انسانی آبادی بڑھنے لگی تو ان وسائل کی مانگ بڑھی۔ صنعتی انقلاب نے انسان کو مشینوں سے روشناس کرایا۔ مشینوں کی مدد سے پیداوار میں زبردست اضافہ ہوا، لیکن اس اضافے نے خام مال کی مانگ اور بھی بڑھا دی۔ جہاں کاغذ بنانے کے کارخانے لگے وہ علاقے جنگلات سے پاک ہو گئے کیونکہ تمام لکڑی کاغذ بنانے کی نذر ہوگئی۔

**91.** قدیم انسان کی زندگی کن وسائل کے گرد گھومتی تھی ؟
(1) قدرتی وسائل
(2) پیداواری وسائل
(3) مصنوعی وسائل
(4) آمدورفت کے وسائل

**92.** قدیم انسان جنگلات سے کیا کیا حاصل کرتا تھا ؟
(1) گوند، لکڑی اور غذا
(2) لکڑی، چارہ اور غذا
(3) غلّہ، ایندھن اور بھوسہ
(4) چارہ، ربڑ اور کاغذ

**93.** قدیم انسان پانی کے ذخیروں کے پاس بستیاں کیوں قائم کرتا تھا ؟
(1) پینے کے پانی کی قلّت نہ ہو
(2) وہ کھیتی باڑی کر سکے
(3) اس کو قدرتی پانی حاصل ہوتا رہے
(4) سبزیوں اور پھلوں کو بونے کے لیے

**94.** جب پیداوار میں اضافہ ہوا تو کس کی مانگ بڑھ گئی ؟
(1) زیادہ مال کی
(2) خام مال کی
(3) سستے مال کی
(4) مہنگے مال کی

**95.** جب کاغذ کے کارخانے کھلے تو جنگلات کی لکڑی کا کیا ہوا ؟
(1) کاغذ بنانے کی نذر ہوگئی
(2) ایندھن جلانے کے کام آ گئی
(3) فرنیچر بنانے کی نذر ہوگئی
(4) کشتیاں بنانے کے کام آ گئی

**96.** بستیاں کا واحد ہے
(1) ہستی
(2) بستی
(3) سستی
(4) آبادی

**97.** جدید کا متضاد ہے
(1) نیا
(2) قدیم
(3) پرانا
(4) پوشیدہ

**98.** دنیا کی ہر ایک چیز دوسری چیز کو کیا کرتی ہے ؟
(1) نظرانداز کرتی ہے
(2) اثر انگیز کرتی ہے
(3) متاثر کرتی ہے
(4) مالامال کرتی ہے

**99.** دنیا کے اس آپسی تعلق کو سمجھنے اور سمجھانے کا نام کیا ہے ؟
(1) ہوم سائنس
(2) ماحولیاتی سائنس
(3) سوشل سائنس
(4) پولیٹکل سائنس

**ہدایات :** نیچے دیے ہوئے شعری حصّے کو پڑھیے اور دیے گئے متبادل میں سے کسی ایک مناسب ترین متبادل کا انتخاب کیجیے : **(سوال 100 تا 105)**

شبنم کے آئینے کا عکسِ چمن دکھانا
پتّوں کا شاد ہونا اور تالیاں بجانا

پھولوں میں دلکشی ہے، کانٹوں میں تازگی ہے
ہر دل میں اک خوشی ہے، ہر سمت روشنی ہے

وادی، پہاڑ، صحرا ہر ایک جگمگایا
دریا کو جوش آیا، ساحل بھی گنگنایا

فطرت بہار پر ہے، دنیا نکھار پر ہے
ہر شے ہے خوب صورت، رنگین ہر نظر ہے

سچ پوچھیے تو منظر کیسے ہیں پیارے پیارے
دیتے ہیں لطف کیا کیا یہ صبح کے نظارے

**100.** ہر سمت کیا نظر آ رہا ہے ؟
(1) روشنی
(2) تاریکی
(3) اندھیرا
(4) اُجالا

**101.** دریا کو جوش آنے کے ساتھ ساتھ کون گنگنا رہا ہے ؟
(1) لہریں
(2) ساحل
(3) درخت
(4) ندی

**102.** فطرت پر بہار کے ساتھ کس پر نکھار ہے ؟

(1) دنیا

(2) باغ

(3) کھیتی

(4) پھول

**103.** نظر کی جمع ہے

(1) نظّارے

(2) منظر

(3) نظروں

(4) نگاہیں

**104.** دیتے ہیں لطف کیا کیا یہ ______ کے نظارے

ذیل میں دیے گئے لفظوں میں سے صحیح لفظ بھریے :

(1) شام

(2) صبح

(3) رات

(4) آسمان

**105.** پتّے خوش کر کیا کر رہے ہیں ؟

(1) ہنس رہے ہیں

(2) تالیاں بجا رہے ہیں

(3) چلّا رہے ہیں

(4) کھلکھلا رہے ہیں

**ہدایات :** نیچے دیے ہوئے سوالوں کو پڑھیے اور دیے گئے متبادل میں سے کسی ایک مناسب ترین متبادل کا انتخاب کیجیے : **(سوال 106 تا 120)**

**106.** شاعری کی تدریس میں سب سے زیادہ اہم کیا ہوتا ہے ؟

(1) نظم میں مخصوص معنی ہوتے ہیں

(2) نظم میں ایک سے زائد معانی ہوتے ہیں

(3) نظم میں سماجی مسئلے نہیں منعکس ہوتے ہیں

(4) نظم میں کوئی جذباتی پہلو نہیں منعکس ہوتا ہے

**107.** رپورٹ تحریر کرنے (Report writing) کے بارے میں پڑھاتے ہوئے ایک استاذ طلبا میں اخبار میں شائع ہوئی رپورٹوں کے کچھ تراشے تقسیم کرتا ہے۔ وہ طلبا سے ان رپورٹوں کو پڑھنے اور اپنے مشاہدات لکھنے کے لیے کہتا ہے۔ کلاس میں تقسیم کردہ اخبار کے تراشے کیا ہیں ؟

(1) تدریس کے لیے امدادی سامان

(2) آموزش کے لے امدادی سامان

(3) تدریسی آموزشی مواد

(4) تدریسی طریقہ اور حکمت عملی

**108.** ہندوستان میں زبانوں کے کتنے خاندان ہیں ؟

(1) چار

(2) چھ

(3) آٹھ

(4) دس

**109.** زبان کی تدریس کے کس طریقے نے زبان کے کلاس روم میں مادری زبان کے استعمال کو ختم کر دیا ہے ؟

(1) راست طریقہ

(2) سمعی لسانی (Audiolingual) طریقہ

(3) استضراقی طریقہ

(4) فطری طریقہ

**110.** زبان کی تدریس کے دوران استاد سائنس اور سماجی علوم سے مثالیں دیتا ہے۔ اس طرح کے طریقہ کار کو نام دیا جا سکتا ہے

(1) سائنس اور زبان کی تدریس

(2) درسیات سے پرے زبان

(3) ٹی۔پی۔آر (TPR) طریقہ

(4) سی۔ایل۔ٹی (CLT) طریقہ

**111.** زبان کی آموزش کے دقوقی تناظر کا زور ہوتا ہے

(1) غلطیاں زبان کے آموزشی عمل کا حصہ ہیں

(2) عادت ڈالنے کا عمل زبان کی آموزش میں معاون ہوتا ہے

(3) استاد کو چاہیے کہ مکالموں کو یاد کرنے اور دہرانے کی حوصلہ افزائی کرے

(4) جلد از جلد غلطیوں کی اصلاح کرنی چاہیے ورنہ وہ بچوں کے ذہن میں محفوظ ہو جائیں گی

**112.** استاد طلبا کی خراب کارکردگی کی وجہ جاننے کے لیے ایک جانچ کرتا ہے، یہ جانچ ہوتی ہے

(1) مہارت کی جانچ

(2) تشخیصی جانچ

(3) حصول یابی کی جانچ

(4) تکمیلی جانچ

**113.** چھٹی جماعت کا استاد زبان کا پرچہ جانچنے کے بعد اس نتیجے پر پہنچتا ہے کہ طلبا کی کارکردگی اچھی نہیں ہے۔ پھر وہ دوبارہ سوال نامہ تیار کرتا ہے اور ٹسٹ لیتا ہے۔ اس طرح کی جانچ کو کیا کہیں گے ؟

(1) تشکیلی جانچ

(2) تکمیلی جانچ

(3) تشخیصی جانچ

(4) مجموعی جانچ

**114.** زبان کا استاد ایک جماعت کے طلبا کو پڑھانے کے بعد اپنی ڈائری میں لکھتا ہے کہ ''زبان کا کھیل طلبا کو بہت دل چسپ لگا اور انہوں نے اس میں پوری سرگرمی سے حصہ لیا لیکن گروپ 3 کو مطلوبہ نتائج کے حصول میں پریشانی ہوئی'' یہ کس کی مثال ہے ؟

(1) جانچ کی

(2) واقعاتی ریکارڈ کی

(3) احتسابی غوروفکر کی

(4) مشاہدہ کی

**115.** زبان کا موثر استاد

(1) طلبا کو نصابی کتابوں میں دیے گئے تمام سوالوں کے جواب سکھائے گا

(2) نصابی کتابوں کے ساتھ ساتھ نصاب سے باہر کی چیزیں بھی بتائے گا

(3) صرف نصابی کتابوں پر مبنی سوال نامے تیار کرے گا

(4) مجوزہ کتاب سے باہر کچھ نہیں کرے گا

**116.** زبان کی آموزش میں سب سے اہم کیا ہے ؟

(1) نصابی کتاب

(2) معاون درسی کتاب

(3) ادب اطفال

(4) سرگرمی شیٹ

**117.** درج ذیل میں سے کون طلبا کی تخلیقیت میں اضافہ کرے گا ؟

(1) امتحانات میں اچھے نمبر حاصل کرنے کے لیے طلبا کو کوچنگ دینا

(2) اپنے تجربات کے مطابق آزادانہ طور پر لکھنے کا موقع فراہم کرنا

(3) طلبا سے اخلاقیات پر مبنی کہانیاں لکھنے اور پڑھنے کے لیے کہنا

(4) طلبا سے آموزش میں دلچسپی پیدا کرنے کے لیے کہنا

**118.** زبان میں ”ذہن کی خاکہ سازی“ (Mind Mapping) کا مطلب ہے

(1) دماغ کی تصویر بنانا

(2) کہانی/نظم میں بیان کیے گئے علاقوں/مقامات کی تصویر بنانا

(3) طلبا سے کسی مہم کا منصوبہ بنا کر جمع کرنے کے لیے کہنا

(4) طلبا کو غوروفکر کرنے، نئے خیالات وضع کرنے اور ان کے مابین رشتہ قائم کرنے کی اجازت دینا

**119.** لکھنے کی مہارت کو فروغ دینے کے لیے سب سے اہم کیا ہے ؟

(1) خوش خط لکھنا

(2) درست املا

(3) مجوزہ اشاروں اور ہدایات پر عمل کرتے ہوئے لکھنا

(4) تحریر میں اپنی رائے، خیالات اور تجربات کو بیان کرنا

**120.** جس مطالعے میں آموزگار کو متن پڑھنے سے لطف اندوز ہونے اور پڑھنے کی عام مہارت کو فروغ دینا شامل ہو، وہ ہوتا ہے

(1) گہرا مطالعہ

(2) توسیعی مطالعہ

(3) ماقبل مطالعہ

(4) مابعد مطالعہ

اُمّید وار سوالوں کے جواب حصّہ-V (سوال نمبر 121 تا 150) صرف تب ہی دیں اگر انھوں نے زبان-II کا اوپشن اُردو چنا ہو۔

**Candidates should attempt questions from Part-V (Q.No. 121-150), if they have opted URDU as Language-II only.**

# حصّہ - V
# زبان - II
## اُردو

اُمّید وار سوالوں کے جواب حصّہ-V (سوال نمبر 121 تا 150) صرف تب ہی دیں اگر انھوں نے زبان-II کا اوپشن اُردو چنا ہو۔

**ہدایات :** نیچے دی ہوئی عبارت کو پڑھیے اور دیے گئے متبادل میں سے کسی ایک مناسب ترین متبادل کا انتخاب کیجیے : **(سوال نمبر 121 تا 128)**

ٹوکیو کے سب سے مشہور علاقے دو ہیں : ایک کا نام گنزہ ہے اور دوسرے کا شنجوکو۔ گنزہ کو جاپان کا شوکیس کہا جاتا ہے۔ دکانوں کی سجاوٹ، بازار کی رونق، روشنیوں کی جگمگاہٹ، انسانوں کی ریل پیل، گنزہ کو چاندی کی طرح چمک دار بنا دیتی ہیں۔ یوں بھی جاپانی میں گنزہ چاندی کو کہتے ہیں۔ یہاں جاپان کے سب سے عالی شان تھیٹر، سنیما گھر، ریستوراں اور دکانیں آباد ہیں۔ یہیں کے ایک کابکی تھیٹر میں ہم نے ایک کابکی شو بھی دیکھا۔ ''کابکی'' کو موسیقی ریز ڈراما کہہ لیجیے۔ شنجوکو میں ٹوکیو کی کئی بلند عمارتیں ہیں۔ ساری عمارتیں زلزلہ پروف ہیں۔ زلزلہ آئے تو یہ اسی طرح ہلتی ہیں جس طرح تیز ہوا میں پیڑ ہلتے ہیں۔ مگر زلزلہ تھمتے ہی پھر اپنی اصلی حالت میں آجاتی ہیں۔ ہمیں شنجوکو کی نومرا بلڈنگ بہت پسند تھی۔ جس کی پچاسویں منزل پر شیشے کا گھر تھا۔ اس بلڈنگ کی لفٹ اتنی تیز رفتار ہے کہ آدھے منٹ میں پچاسویں منزل پر پہنچا دیتی ہے۔

**121.** مصنّف نے کابکی شو کو کہا ہے
(1) موسیقی ریز ڈراما
(2) اکیانکی ڈراما
(3) یک بابی ڈراما
(4) کثیر بابی ڈراما

**122.** جاپانی میں گنزہ کس کو کہتے ہیں ؟
(1) سونا
(2) چاندی
(3) تانبہ
(4) ہیرا

**123.** شنجوکو کی ساری عمارتیں کیسی ہیں ؟
(1) بلٹ پروف
(2) ساؤنڈ پروف
(3) زلزلہ پروف
(4) واٹر پروف

**124.** جب یہاں زلزلہ آتا ہے تو یہاں کی عمارتیں کس طرح ہلتی ہیں ؟
(1) پتّے کی طرح ہلتی ہیں
(2) پنڈولم کی طرح ہلتی ہیں
(3) جس طرح تیز ہوا میں پیڑ ہلتے ہیں
(4) جھولے کی طرح ہلتی ہیں

**125.** نومرا کی پچاسویں منزل پر کیا تھا ؟

(1) دوائی گھر

(2) ڈاک گھر

(3) لکڑی کا گھر

(4) شیشے کا گھر

**126.** عمارت کی جمع ہے

(1) عمارتیں

(2) عماراتوں

(3) عماراتیں

(4) عماراتین

**127.** اصلی کا متضاد ہے

(1) خالص

(2) نقلی

(3) بناوٹی

(4) حقیقی

**128.** جاپان کا شوکیس کس کو کہا جاتا ہے ؟

(1) ٹوکیو

(2) شنجوکو

(3) گنزہ

(4) نومرا

**ہدایات :** نیچے دی ہوئی عبارت کو پڑھیے اور دیے گئے متبادل میں سے کسی ایک مناسب ترین متبادل کا انتخاب کیجیے : **(سوال نمبر 129 تا 135)**

اجنتا کے آس پاس کا قدرتی منظر بہت ہی دلکش ہے۔ میں نے یہ بات محسوس کی کہ ہمارے ہندوستانی رشی منیوں نے جہاں بھی عبادت گاہیں یا خانقاہیں بنوائیں تو سرسبز اور قدرتی حسن سے مالامال علاقے چنے ہیں۔ دنیا کی سب لذّتیں ترک کر دیتے تھے۔ مگر حُسنِ قدرت سے لطف اندوز ہونے کی صلاحیتیں ان میں غیر معمولی تھیں۔

حیدرآباد بھی ان مقامات میں سے ہے جن کو دیکھنے کی بچپن سے آرزو تھی۔ ایک گرمی میں ہم نے وہاں جانے کا پروگرام بنایا۔ حیدرآباد اور اس کے آس پاس کے سارے علاقے کی خوب سیر کی۔ اتنا ہی نہیں یہاں کے ہر طبقے کی زندگی، تقریبات اور رہن سہن کو دیکھا۔ یہاں کے لوگوں کے خلوص اور ادب نوازی سے متاثر ہوئی۔

**129.** مصنّفہ کی بچپن کی آرزو کیا دیکھنے کی تھی ؟

(1) اکبرآباد

(2) الہ آباد

(3) حیدرآباد

(4) عظیم آباد

**130.** انہوں نے وہاں ہر طبقے کی زندگی کے علاوہ کیا دیکھا ؟

(1) تہذیب وتمدن کو

(2) رہن سہن اور کھانے کو

(3) تقریبات اور رہن سہن کو

(4) زبان اور ثقافت کو

**131.** مصنفہ حیدرآباد کے لوگوں کی کس بات سے متاثر ہوئیں ؟
(1) محبت اور مہمان نوازی سے
(2) ادب اور سخن سازی سے
(3) خلوص اور ادب نوازی سے
(4) مہمان نوازی اور زبان سے

**132.** مقام کی جمع ہے
(1) مقامات
(2) مقاماتوں
(3) مقاماتیں
(4) مقاماتین

**133.** زندگی کا متضاد ہے
(1) حیات
(2) زیست
(3) موت
(4) ممات

**134.** اجنتا کے آس پاس کا کون سا منظر بہت ہی دلکش ہے ؟
(1) پہاڑوں کا منظر
(2) شہر کا منظر
(3) قدرتی منظر
(4) گاؤں کا منظر

**135.** ہندوستان کے رشی منیوں میں کون سی غیر معمولی صلاحیتیں تھیں ؟
(1) شاعری سے لطف اندوز ہونے کی
(2) حُسنِ قدرت سے لطف اندوز ہونے کی
(3) قدرتی مناظر سے لطف اندوز ہونے کی
(4) چاندنی رات سے لطف اندوز ہونے کی

**ہدایات :** نیچے دیے ہوئے سوالوں کو پڑھیے اور دیے گئے متبادل میں سے کسی ایک مناسب ترین متبادل کا انتخاب کیجیے۔ **(سوال نمبر 136 تا 150)**

**136.** کارگزاری لکھنے میں اپنایا جانا چاہیے
(1) الفاظ کی متعینہ تعداد
(2) مرصع زبان کا استعمال
(3) ملکیت ظاہر کرنے والا ضمیر
(4) خیالات کی ترتیب و تنظیم

**137.** لکھنا ایک _____ ہے اور نہیں _____ ہے۔
(1) عمل، نتیجہ
(2) نتیجہ، عمل
(3) عمل، ہاتھ سے لکھنے کی مشق
(4) ہاتھ سے لکھنے کی مشق، عمل

**138.** طلبا کے لکھنے کی مہارتوں کی جانچ کے دوران ٹیچر کو زیادہ توجہ دینی چاہیے
(1) مرصع زبان کے استعمال پر
(2) صحیح املا پر
(3) قواعد کے اعتبار سے جملوں کی درست ساخت پر
(4) خیالات کے اظہار پر

**139.** پڑھنے سے پہلے کے کام ہوتے ہیں

(1) مشکل الفاظ کے معنی بتانے کے لیے

(2) متن میں مستعمل قواعد کی وضاحت کرنے کے لیے

(3) طلبا کی پڑھنے کی سمجھ کو جانچنے کے لیے

(4) متن کے بارے میں طلبا کی سابقہ معلومات کو تازہ کرکے انھیں تیار کرنا

**140.** آئین ہند کے آٹھویں شیڈول میں کتنی زبانوں کا ذکر ہے ؟

(1) 16

(2) 20

(3) 22

(4) 24

**141.** استاد بچوں سے مختلف حالات میں رول پلے کرواکر مناسب ترسیل کی مثال پیش کرتا ہے اس کے بعد ان کے رول پلے میں سے کچھ متعلقہ رول پھر سے کروانے کی کوشش کرتا ہے اور اس رول کی مدد سے مشق کا موقعہ فراہم کرتا ہے۔ اس طرح وہ تدریس کرتا ہے

(1) مروّجہ قواعد کی

(2) غیر تصریفی قواعد کی

(3) سیاق میں قواعد کی

(4) استخراجی اندازنظر کی

**142.** زبان کا ٹیچر تمام طلبا کے آموزشی انداز کو تشفی فراہم کرسکتا ہے

(1) ہر لفظ پڑھ کر، اس کا ترجمہ کرکے اور پھر سبق کو دہرا کر

(2) بچوں کی برابر جانچ کرکے

(3) بچوں کی صرف پڑھائی میں نہیں بلکہ رقص، موسیقی، کھیل کود اور ڈرائنگ کے کلاس میں شرکت کرنے کی حوصلہ افزائی کرکے

(4) متنوع طلبا کی تشفی کے لیے تدریس اور جانچ کے مختلف طریقۂ کار اور حکمت عملیوں کا استعمال کرکے

**143.** زبان کی آموزش میں سماجی تعامل کا بہت اہم رول ہوتا ہے۔ یہ بیان کس کا ہے ؟

(1) چومسکی (Chomsky)

(2) پیاجے (Piaget)

(3) وائگوتسکی (Vygotsky)

(4) اسکینر (Skinear)

**144.** بولنے کی مہارت میں اس کی بڑی اہمیت ہے :

(1) صاف اور درست تلفظ

(2) سیاق اور سباق کے مطابق بولنا

(3) نرمی سے بولنا

(4) مرصع زبان کا استعمال

**145.** جو جانچ بچے کو زبان کی آموزش میں درپیش مخصوص مسائل کو سمجھنے میں مدد کرے وہ جانچ ہوتی ہے

(1) متمیز جانچ

(2) تشخیصی جانچ

(3) ترسیلی جانچ

(4) حلِ مسائل کی جانچ

**146.** درج ذیل میں سے کون سا بیان ''پورٹ فولیو'' کے بارے میں صحیح ہے ؟

(1) یہ لکھنے کی عادت کو فروغ دیتا ہے

(2) اس کا اہم مقصد طلبا کے کاموں کو جمع کرنا اور اسے حفاظت سے رکھنا ہے

(3) یہ استاد کے وقت کو بچاتا اور بچوں کو مشغول رکھتا ہے

(4) یہ طلبا کی بتدریج پیش رفت کی جانچ میں استاد کی مدد کرتا ہے

**147.** ترنم...... میں تبدیلی و تغیر کو کہتے ہیں

(1) عضو

(2) آواز

(3) ہوا

(4) لے

**148.** وانی گھر پر زیادہ بات نہیں کرتی ہے لیکن اسکول میں خوب باتیں کرتی ہے۔ اس کا مطلب ہے کہ

(1) اسے اپنا گھر بالکل پسند نہیں ہے

(2) اسکول میں اس کے خیالات کا اعتراف کیا جاتا ہے

(3) اسکول طلبا کو زیادہ سے زیادہ باتیں کرنے کا موقع فراہم کرتا ہے

(4) استاد کلاس روم میں نظم و ضبط پر بمشکل دیتا ہے

**149.** زبان کی مہارت میں کون سے دو عوامل شامل ہیں ؟

(1) صحیح تلفظ اور تفصیلی مطالعہ

(2) نقل نویسی اور خوش خط تحریر

(3) مکمل درستگی اور روانی

(4) سرسری اور تنقیدی مطالعہ

**150.** زبان کی آموزش آسان ہوگی اگر

(1) درسی کتابیں نہ پڑھائی جائیں

(2) امتحان نہ ہوں

(3) طلبا کو زبان کے اعتبار سے اچھا ماحول ملے

(4) لکھنے سے پہلے قواعد اور مشق کے لیے مزید وقت دیا جائے

**نیچے لکھی ہدایات کو غور سے پڑھیے :**

1. مختلف سوالات کے جوابات دینے کی ترتیب کو واضح طور پر ٹیسٹ بک لیٹ میں دیا گیا ہے۔ آپ سوالوں کا جواب دینے سے قبل اس کو دھیان سے پڑھ لیں۔
2. ہر سوال کے جواب میں دیے گئے چار متبادلوں میں سے درست جواب کے دائرے کو کالے/ نیلے بال پوائنٹ پین سے OMR جوابی شیٹ کی دوسری جانب پوری طرح گہرا کر کے بھر دیں۔ جواب پر ایک بار نشان لگانے کے بعد اُسے تبدیل نہیں کیا جا سکتا۔
3. امیدوار کو اچھی طرح دیکھ لینا چاہیے کہ جوابی شیٹ موڑی نہ گئی ہو۔ جوابی شیٹ پر کسی قسم کا کوئی نشان نہ چھوڑیں، جوابی شیٹ میں نشان زد کی جگہ کے علاوہ اپنا رول نمبر کہیں دوسری جگہ نہ لکھیں۔
4. سوالنامے اور جوابی شیٹ کو احتیاط سے استعمال کریں، دوسری جوابی شیٹ کسی بھی حال میں (سوائے سوالنامہ کوڈ یا نمبر اور جوابی شیٹ کے کوڈ یا نمبر کے فرق کے) نہیں دی جائے گی۔
5. امیدوار حاضری کے کاغذ پر، جوابی شیٹ/سوالنامے میں دیے گئے کوڈ کو بالکل درست اور اسی طرح لکھیں جس طرح وہ سوالنامے میں لکھا گیا ہے۔
6. OMR جوابی شیٹ میں بھری ہوئی معلومات کو ایک مشین کے ذریعے پڑھا جائے گا۔ کوئی بھی معلومات داخلہ کارڈ میں دی گئی معلومات سے مختلف نہ ہو اور ادھوری نہ ہوں۔
7. امیدوار کو اپنے داخلہ کارڈ کے علاوہ کسی بھی قسم کا درسی مواد، چھپا ہوا یا لکھا ہوا کاغذ کا ٹکڑا، موبائل فون، پیجر، الیکٹرونک آلات امتحان ہال میں لانے کی اجازت نہیں ہوگی۔
8. امیدوار کو موبائل فون، وائرلیس کمیونی کیشن کے ڈوائسوں کو امتحان ہال کے کمروں میں لانے کی اجازت نہیں ہوگی۔ امیدوار کو ان کے مفاد میں یہ صلاح دی جاتی ہے کہ وہ اپنے پاس موبائل فون یا کسی دوسرے کمیونی کیشن کو سوئچ آف کر کے بھی اپنے پاس نہ رکھیں۔ ان ہدایت پر عمل نہ کرنے پر امتحان ہال میں غیر مناسب ذرائعوں کا استعمال سمجھا جائے گا اور ان کے خلاف کاروائی کی جائے گی، ان کے امتحان کو ردّ بھی کیا جا سکتا ہے۔
9. امیدوار کو نگراں کے مانگے جانے پر اپنا داخلہ کارڈ دکھانا ہوگا۔
10. سینٹر سپرنٹنڈنٹ یا نگراں کی اجازت کے بغیر کوئی امیدوار اپنی جگہ نہیں چھوڑے گا۔
11. امیدوار جوابی شیٹ ہال میں موجود نگراں کے سپرد کئے بغیر یا حاضری پر دوبارہ دستخط کئے بغیر کمرے/ ہال سے باہر نہیں نکلیں گے۔ اگر امیدوار حاضری کے کاغذ پر دوبارہ دستخط نہیں کرتا تو اس کا مطلب یہ لیا جائے گا کہ اس نے جوابی شیٹ جمع نہیں کرائی اور اسے غیر قانونی ذرائع کا استعمال سمجھا جائے گا۔
12. الیکٹرونک/ ہاتھ کے کیلکولیٹر کا استعمال ممنوع ہے۔
13. امیدوار کمرۂ امتحان میں، بورڈ کے اصول وضوابط کے پابند ہوں گے۔ غیر قانونی ذرائع کے استعمال کے تمام معاملات سے بورڈ کے اصول و ضوابط کے تحت ہی نپٹا جائے گا۔
14. سوالنامے یا شیٹ کا کوئی حصّہ کسی بھی وجہ سے سوالنامے/ جوابی شیٹ سے الگ نہیں کیا جائے گا۔
15. **امتحان ختم ہونے پر امیدواروں کو جوابی شیٹ ڈیوٹی پر موجود نگراں کے سُپرد کرنی ہوگی۔ امیدوار کو سوال نامہ اپنے ساتھ لے جانے کی اجازت ہوگی۔**

**निम्नलिखित निर्देशों को ध्यान से पढ़ें :**

1. जिस प्रकार से विभिन्न प्रश्नों के उत्तर दिए जाने हैं उसका वर्णन परीक्षा पुस्तिका में किया गया है, जिसे आप प्रश्नों का उत्तर देने से पहले ध्यान से पढ़ लें ।
2. प्रत्येक प्रश्न के लिए दिए गए चार विकल्पों में से सही उत्तर के लिए OMR उत्तर पत्र के **पृष्ठ-2** पर केवल एक वृत्त को ही पूरी तरह **काले/नीले बॉल पॉइन्ट पेन** से भरें । एक बार उत्तर अंकित करने के बाद उसे बदला नहीं जा सकता है ।
3. परीक्षार्थी सुनिश्चित करें कि इस उत्तर पत्र को मोड़ा न जाए एवं उस पर कोई अन्य निशान न लगाएँ । परीक्षार्थी अपना अनुक्रमांक उत्तर-पत्र में निर्धारित स्थान के अतिरिक्त अन्यत्र न लिखें ।
4. परीक्षा पुस्तिका एवं उत्तर पत्र का ध्यानपूर्वक प्रयोग करें, क्योंकि किसी भी परिस्थिति में (केवल परीक्षा पुस्तिका एवं उत्तर पत्र के संकेत या संख्या में भिन्नता की स्थिति को छोड़कर) दूसरी परीक्षा पुस्तिका उपलब्ध नहीं करायी जाएगी ।
5. परीक्षा पुस्तिका / उत्तर पत्र में दिए गए परीक्षा पुस्तिका संकेत व संख्या को परीक्षार्थी सही तरीके से हाज़िरी-पत्र में लिखें ।
6. OMR उत्तर पत्र में कोडित जानकारी को एक मशीन पढ़ेगी । इसलिए कोई भी सूचना अधूरी न छोड़ें और यह प्रवेश-पत्र में दी गई सूचना से भिन्न नहीं होनी चाहिए ।
7. परीक्षार्थी द्वारा परीक्षा हॉल/कक्ष में प्रवेश-पत्र के सिवाय किसी प्रकार की पाठ्य-सामग्री, मुद्रित या हस्तलिखित, कागज़ की पर्चियाँ, पेजर, मोबाइल फोन, इलेक्ट्रॉनिक उपकरण या किसी अन्य प्रकार की सामग्री को ले जाने या उपयोग करने की अनुमति नहीं है ।
8. मोबाइल फोन, बेतार संचार युक्तियाँ (स्वीच ऑफ अवस्था में भी) और अन्य प्रतिबंधित वस्तुएँ परीक्षा हॉल/कक्ष में नहीं लाई जानी चाहिए । इस सूचना का पालन न होने पर इसे परीक्षा में अनुचित साधनों का प्रयोग माना जाएगा और उनके विरुद्ध कार्यवाही की जाएगी, परीक्षा रद्द करने सहित ।
9. पूछे जाने पर प्रत्येक परीक्षार्थी, निरीक्षक को अपना प्रवेश-पत्र दिखाएँ ।
10. केन्द्र अधीक्षक या निरीक्षक की विशेष अनुमति के बिना कोई परीक्षार्थी अपना स्थान न छोड़ें ।
11. कार्यरत निरीक्षक को अपना उत्तर पत्र दिए बिना एवं हाज़िरी-पत्र पर दुबारा हस्ताक्षर किए बिना परीक्षार्थी परीक्षा हॉल/कक्ष नहीं छोड़ेंगे । यदि किसी परीक्षार्थी ने दूसरी बार हाज़िरी-पत्र पर हस्ताक्षर नहीं किए, तो यह माना जाएगा कि उसने उत्तर पत्र नहीं लौटाया है और यह अनुचित साधन का मामला माना जाएगा । **परीक्षार्थी अपने बाएँ हाथ के अंगूठे का निशान हाज़िरी-पत्र में दिए गए स्थान पर अवश्य लगाएँ ।**
12. इलेक्ट्रॉनिक / हस्तचालित परिकलक का उपयोग वर्जित है ।
13. परीक्षा हॉल/कक्ष में आचरण के लिए परीक्षार्थी बोर्ड के सभी नियमों एवं विनियमों द्वारा नियमित हैं । अनुचित साधनों के सभी मामलों का फैसला बोर्ड के नियमों एवं विनियमों के अनुसार होगा ।
14. किसी हालत में परीक्षा पुस्तिका और उत्तर पत्र का कोई भाग अलग न करें ।
15. **परीक्षा सम्पन्न होने पर, परीक्षार्थी हॉल / कक्ष छोड़ने से पूर्व उत्तर पत्र कक्ष-निरीक्षक को अवश्य सौंप दें । परीक्षार्थी अपने साथ इस परीक्षा पुस्तिका को ले जा सकते हैं ।**

**READ THE FOLLOWING INSTRUCTIONS CAREFULLY:**

1. The manner in which the different questions are to be answered has been explained in the Test Booklet which you should read carefully before actually answering the questions.
2. Out of the four alternatives for each question, only one circle for the correct answer is to be darkened completely with **Black/Blue Ball Point Pen** on **Side-2** of the OMR Answer Sheet. The answer once marked is not liable to be changed.
3. The candidates should ensure that the Answer Sheet is not folded. Do not make any stray marks on the Answer Sheet. Do not write your Roll No. anywhere else except in the specified space in the Answer Sheet.
4. Handle the Test Booklet and Answer Sheet with care, as under no circumstances (except for discrepancy in Test Booklet Code or Number and Answer Sheet Code or Number), another set will be provided.
5. The candidates will write the correct Test Booklet Code and Number as given in the Test Booklet / Answer Sheet in the Attendance Sheet.
6. A machine will read the coded information in the OMR Answer Sheet. Hence, no information should be left incomplete and it should not be different from the information given in the Admit Card.
7. Candidates are not allowed to carry any textual material, printed or written, bits of papers, pager, mobile phone, electronic device or any other material except the Admit Card inside the examination hall/room.
8. Mobile phones, wireless communication devices (even in switched off mode) and the other banned items should not be brought in the examination halls/rooms. Failing to comply with this instruction, it will be considered as using unfair means in the examination and action will be taken against them including cancellation of examination.
9. Each candidate must show on demand his / her Admit Card to the Invigilator.
10. No candidate, without special permission of the Centre Superintendent or Invigilator, should leave his / her seat.
11. The candidates should not leave the Examination Hall/Room without handing over their Answer Sheet to the Invigilator on duty and sign the Attendance Sheet twice. Cases where a candidate has not signed the Attendance Sheet second time will be deemed not to have handed over the Answer Sheet and dealt with as an unfair means case. **The candidates are also required to put their left hand THUMB impression in the space provided in the Attendance Sheet.**
12. Use of Electronic / Manual Calculator is prohibited.
13. The candidates are governed by all Rules and Regulations of the Board with regard to their conduct in the Examination Hall/Room. All cases of unfair means will be dealt with as per Rules and Regulations of the Board.
14. No part of the Test Booklet and Answer Sheet shall be detached under any circumstances.
15. **On completion of the test, the candidate must hand over the Answer Sheet to the Invigilator in the Hall / Room.** ***The candidates are allowed to take away this Test Booklet with them.***